02/11/18 Evening

पुस्तिका में पृष्ठों की संख्या : 16
Number of Pages in Booklet : 16

पुस्तिका में प्रश्नों की संख्या : 150
No. of Questions in Booklet : 150

प्रश्न-पत्र पुस्तिका संख्या / Question Paper Booklet No.

**Subject Code : 09**

**विषय / SUBJECT : URDU**

# ST-81

3057369

**समय : 2.30 घण्टे**
**Time : 2.30 Hours**

## PAPER-II

**अधिकतम अंक : 300**
**Maximum Marks : 300**

**प्रश्न-पत्र पुस्तिका एवं उत्तर पत्रक के पेपर सील / पॉलिथीन बैग को खोलने पर परीक्षार्थी यह सुनिश्चित कर लें कि उसके प्रश्न-पत्र पुस्तिका पर वही प्रश्न-पत्र पुस्तिका संख्या अंकित है जो उत्तर पत्रक पर अंकित है । इसमें कोई भिन्नता हो तो वीक्षक से दूसरा प्रश्न-पत्र प्राप्त कर लें । ऐसा न करने पर जिम्मेदारी अभ्यर्थी की होगी ।**

**The candidate should ensure that Question Paper Booklet No. of the Question Paper Booklet and Answer Sheet must be same after opening the Paper Seal / Polythene bag. In case they are different, a candidate must obtain another Question Paper. Candidate himself shall be responsible for ensuring this.**

### परीक्षार्थियों के लिए निर्देश

1. **सभी** प्रश्नों के उत्तर दीजिए ।
2. **सभी** प्रश्नों के अंक समान हैं ।
3. प्रत्येक प्रश्न का केवल **एक** ही उत्तर दीजिए ।
4. एक से अधिक उत्तर देने की दशा में प्रश्न के उत्तर को गलत माना जाएगा ।
5. प्रत्येक प्रश्न के चार वैकल्पिक उत्तर दिये गये हैं, जिन्हें क्रमश: 1, 2, 3, 4 अंकित किया गया है । अभ्यर्थी को सही उत्तर निर्दिष्ट करते हुए उनमें से केवल एक गोले अथवा बबल को उत्तर पत्रक पर **नीले बॉल प्वाइंट पेन** से गहरा करना है ।
6. **OMR** उत्तर पत्र इस परीक्षा पुस्तिका के अन्दर रखा है । जब आपको परीक्षा पुस्तिका खोलने को कहा जाए, तो उत्तर पत्र निकाल कर ध्यान से केवल **नीले बॉल पॉइंट पेन** से विवरण भरें ।
7. **प्रत्येक गलत उत्तर के लिए प्रश्न अंक का 1/3 भाग काटा जायेगा ।** गलत उत्तर से तात्पर्य अशुद्ध उत्तर अथवा किसी भी प्रश्न के एक से अधिक उत्तर से है । किसी भी प्रश्न से संबंधित गोले या बबल को खाली छोड़ना गलत उत्तर नहीं माना जायेगा ।
8. मोबाइल फोन अथवा इलेक्ट्रोनिक यंत्र का परीक्षा हॉल में प्रयोग पूर्णतया वर्जित है । यदि किसी अभ्यर्थी के पास ऐसी कोई वर्जित सामग्री मिलती है तो उसके विरुद्ध आयोग द्वारा नियमानुसार कार्यवाही की जायेगी ।
9. कृपया अपना रोल नम्बर ओ.एम.आर. पत्रक पर सावधानीपूर्वक सही भरें । गलत अथवा अपूर्ण रोल नम्बर भरने पर **5 अंक** कुल प्राप्तांकों में से काटे जा सकते हैं ।

**चेतावनी** : अगर कोई अभ्यर्थी नकल करते पकड़ा जाता है या उसके पास से कोई अनधिकृत सामग्री पाई जाती है, तो उस अभ्यर्थी के विरुद्ध पुलिस में प्राथमिकी दर्ज कराते हुए विविध नियमों-प्रावधानों के तहत कार्यवाही की जाएगी । साथ ही विभाग ऐसे अभ्यर्थी को भविष्य में होने वाली विभाग की समस्त परीक्षाओं से विवर्जित कर सकता है ।

### INSTRUCTIONS FOR CANDIDATES

1. Answer **all** questions.
2. **All** questions carry equal marks.
3. Only **one** answer is to be given for each question.
4. If more than one answers are marked, it would be treated as wrong answer.
5. Each question has four alternative responses marked serially as **1, 2, 3, 4**. You have to darken only one circle or bubble indicating the correct answer on the Answer Sheet using **BLUE BALL POINT PEN**.
6. The **OMR** Answer Sheet is inside this Test Booklet. When you are directed to open the Test Booklet, take out the Answer Sheet and fill in the particulars carefully with **blue ball point pen** only.
7. **1/3 part of the mark(s) of each question will be deducted for each wrong answer.** A wrong answer means an incorrect answer or more than one answers for any question. Leaving all the relevant circles or bubbles of any question blank will not be considered as wrong answer.
8. Mobile Phone or any other electronic gadget in the examination hall is strictly prohibited. A candidate found with any of such objectionable material with him/her will be strictly dealt as per rules.
9. Please correctly fill your Roll Number in O.M.R. Sheet. **5 Marks** can be deducted for filling wrong or incomplete Roll Number.

***Warning :*** *If a candidate is found copying or if any unauthorized material is found in his/her possession, F.I.R. would be lodged against him/her in the Police Station and he/she would liable to be prosecuted. Department may also debar him/her permanently from all future examinations.*

**इस परीक्षा पुस्तिका को तब तक न खोलें जब तक कहा न जाए ।**
**Do not open this Test Booklet until you are asked to do so.**

09

1. اوس میں سونا - اوس میں پھرنا جسم انسانی کے لیے کیا ہے؟

(1) مُضر (2) مفید

(3) لازمی (4) غیر ضروری

2. مندرجہ ذیل میں صحیح اِملا کی نشاندہی کیجیے :

(1) اصطبل (2) استبل

(3) اصتبل (4) اسطبل

3. ڈاکٹر ذاکر حسین نے گاندھی جی پر کس زبان میں کتاب لکھی تھی؟

(1) انگریزی (2) اردو

(3) فارسی (4) جرمنی

4. کہانی 'احسان کا بدلہ احسان' میں کس شہر کے تاجر کا بیان ہے؟

(1) مرشدآباد (2) حیدرآباد

(3) عادِل آباد (4) احمد آباد

5. 'ملول ہونا' کے کیا معنی ہیں؟

(1) مایوس ہونا

(2) ایک دوسرے سے مِل جانا

(3) خوش ہونا

(4) اکتا جانا

6. اردو کے پہلے ناول نگار کون ہیں؟

(1) راشد الخیری

(2) مرزا ہادی رسوؔا

(3) سلطان حیدر جوشؔ

(4) نذیر احمد

7. 'باغ و بہار' میں کل کتنے قصے ہیں؟

(1) چار (2) پانچ

(3) سات (4) آٹھ

8. آزاد بخت کس ملک کا بادشاہ تھا؟

(1) ہندوستان (2) عرب

(3) روم (4) بدخشاں

9. لفظ 'ایلچی' کے کیا معنی ہیں؟

(1) سفیر (2) خزانچی

(3) وزیر (4) سپہ سالار

10. 'نیشاپور' کس ملک کا ایک مشہور شہر ہے؟

(1) ایران (2) عرب

(3) بغداد (4) ترکی

11. 'ہم خرما و ہم ثواب' کے کیا معنی ہیں؟

(1) یارانہ ہونا

(2) کسی چیز سے بہ یک وقت دو فائدے

(3) ثواب کا کام کرنا

(4) ایک دوسرے کا رازدار ہونا

12. 'صید ہوس' کس کا لکھا ڈراما ہے؟

(1) حبیب تنویر

(2) امتیاز علی تاؔج

(3) نرائن پرساد بیتاؔب

(4) آغا حشر کشمیری

13. 'تعمق' کے کیا معنی ہوتے ہیں؟

(1) لالچ (2) حسد

(3) گہرائی (4) وسعت

14. مضمون ''سویرے جو کل آنکھ میری کھلی'' میں کرپا شنکر برہمچاری کون ہے؟

(1) مصنف کا پڑوسی

(2) مکان مالک

(3) مصنف کا ہم جماعت

(4) مصنف کا استاد

15. دم لیا تھا نہ قیامت نے ہنوز
پھر ترا وقتِ سفر یاد آیا
مندرجہ بالا شعر کس کا ہے؟

(1) میرؔ (2) غالبؔ

(3) سوداؔ (4) ذوقؔ

16. 'جذبات کا محشرستان' سے کیا مراد ہے؟

(1) گناہ کی جگہ (2) دِل

(3) اضطراب (4) ایمان

17. 'لپا' کس کو کہتے ہیں؟

(1) ایک طرح کا کھیل

(2) لپکنا

(3) دوپٹے پر ٹانکی جانے والی کرنی

(4) کپڑے کو رنگنا

18. کبرا کی چوتھی کا جوڑا کس رنگ کا تھا؟

(1) سرخ (2) سفید

(3) دھانی (4) نارنگی

19. حمیدہ کون تھی؟

(1) کبرا کی چھوٹی بہن

(2) کبرا کی بڑی بہن

(3) کبرا کی خالہ زاد بہن

(4) کبرا کی سہیلی

20. غالبؔ نے خط بنام ہرگوپال تفتہؔ میں اپنے کس دوست کا ذکر کیا ہے؟

(1) میر مہدی مجروحؔ (2) منشی نبی بخش حقیرؔ

(3) نواب رام پور (4) مولانا حالیؔ

21. غالبؔ نے اپنے مکتوب میں اپنے مکان مالک کا کیا نام بتایا ہے؟

(1) نواب الٰہی بخش

(2) قاضی صدرالدین

(3) حکیم محمد حسن خان

(4) راجا نریندر سنگھ بہادر

22. غالبؔ نے ہرگوپال تفتہؔ سے کیا گزارش کی تھی ؟

(1) دہلی تشریف لانے کی

(2) دہلی نہ آنے کی

(3) سیاست میں حصہ لینے کی

(4) اپنی غزل بھیجنے کی

23. ''جو احسان ولیؔ نے اردو شاعری پر کیا تھا، وہی احسان گل کرسٹ نے اردو نثر پر کیا ہے۔'' یہ کس کا قول ہے ؟

(1) سرسید (2) مولوی عبدالحق

(3) میر امنؔ (4) شبلی نعمانی

24. میر امن نے ملا حسین واعظ کاشفی کی کس کتاب کا اردو میں ترجمہ کیا ؟

(1) نوطرز مرصع

(2) روضۃ الشہدا

(3) اخلاقِ محسنی

(4) تلاوت الوجود

25. 'گل مغفرت' کس کی تصنیف ہے ؟

(1) فضلیؔ

(2) ابنِ نشاطی

(3) سید حیدر بخش حیدری

(4) عبدالرحمان بجنوری

26. میر امنؔ کہاں کے رہنے والے تھے ؟

(1) دہلی (2) کلکتہ

(3) دکن (4) لکھنؤ

27. مثنوی 'قطب مشتری' کس کی تخلیق ہے ؟

(1) مُلا وجہی (2) ابنِ نشاطی

(3) قلی قطبؔ شاہ (4) مرزا شوقؔ

28. کنھیالال کپور کا تعلق کس ادبی صنف سے ہے ؟

(1) سوانح نگاری (2) افسانہ

(3) شاعری (4) طنز ومزاح

29. ''غالبؔ جدید شعراء کی ایک مجلس میں'' میں مجلس کی صدارت کس نے کی ؟

(1) ن۔م۔ راشد (2) م۔ن۔ ارشد

(3) مرزا غالبؔ (4) ڈاکٹر خالصؔ

30. بکرماجیت ورما نے جدید شعراء کی مجلس میں جو کلام سنایا اس کا تعلق کس صنفِ شاعری سے تھا ؟

(1) غزل (2) نظم

(3) جدید شاعری (4) گیت

31. جدید شعراء کی ایک مجلس میں م۔ن۔ ارشدؔ نے جو نظم پڑھی اس کا عنوان کیا تھا ؟

(1) عشق (2) بدلہ

(3) پرچھائی (4) رفعتِ تخیّل

32. 'ماہِ عسل' سے کیا مراد ہے ؟

(1) خوشی کا مہینہ (2) رنج وغم کا مہینہ

(3) روشن چاند (4) سہاگ رات

33. قرۃ العین حیدر کا پہلا ناول کون سا ہے ؟
(1) کارِ جہاں دراز ہے
(2) چاندنی بیگم
(3) میرے بھی صنم خانے
(4) آگ کا دریا

34. قرۃ العین حیدر کے والد کا نام کیا تھا ؟
(1) نذیر احمد (2) سجاد حیدر یلدرم
(3) سجاد ظہیر (4) خورشید الاسلام

35. بات میں بات پیدا کرنے کا فن کس صنف کو کہا گیا ہے ؟
(1) طنز و مزاح (2) رپورتاژ
(3) انشائیہ (4) داستان

36. میر امّن کس کی مدد سے فورٹ ولیم کالج میں ملازم ہوئے تھے ؟
(1) گل کرسٹ (2) رجب علی بیگ سرورؔ
(3) میر بہادر علی حسینی (4) نہال چند لاہوری

37. 'مذہب عشق' کس کی تخلیق ہے ؟
(1) میر کاظم علی جواںؔ
(2) میر شیر علی افسوسؔ
(3) میر بہادر علی حسینی
(4) نہال چند لاہوری

38. 'سنگھاسن بتیسی' کس کی تصنیف ہے ؟
(1) للو لال (2) بنی نرائن جہاںؔ
(3) پریم چند (4) مرزا علی لطفؔ

39. تذکرہ 'گلشن ہند' کس سے منسوب ہے ؟
(1) علی ابراہیم خان
(2) مرزا علی لطف
(3) محمد حسین آزادؔ
(4) امانت علی شیداؔ

40. شبلی نعمانی کہاں پیدا ہوئے تھے ؟
(1) علی گڑھ (2) اعظم گڑھ
(3) لکھنؤ (4) بجنور

41. شبلی علی گڑھ میں کس زبان کے استاد تھے ؟
(1) اردو (2) عربی
(3) فارسی (4) اسلامیات

42. دارالمصنفین کہاں قائم ہوا ؟
(1) اعظم گڑھ (2) پٹنہ
(3) حیدرآباد (4) لاہور

43. موازنۂ انیسؔ و دبیرؔ کس کی کتاب ہے ؟
(1) عبدالحلیم شررؔ (2) میر امّن
(3) چکبستؔ (4) شبلیؔ

44. فورٹ ولیم کالج کب قائم ہوا ؟

(1) 4 مئی 1800ء (2) 11 مئی 1800ء

(3) 4 مئی 1799ء (4) 11 دسمبر 1799ء

45. 'مادھونل اور کام کنڈلا' کا اردو میں ترجمہ کس نے کیا ؟

(1) مظہر علی خاں ولؔا (2) کاظم علی جواںؔ

(3) للو لال جی (4) سدل مسر

46. شبلؔی کی کس تصنیف کو سید سلیمان ندوی نے مکمل کیا ؟

(1) شعرالعجم (2) سیرۃ النبی

(3) الفاروق (4) المامون

47. بچوں کے لیے 'قصصِ ہند' کے نام سے کس نے کہانیاں لکھی تھیں ؟

(1) اسمٰعیل میرٹھی (2) نظیر اکبرآبادی

(3) محمد حسین آزاد (4) وحیدالدین سلیم

48. محمد حسین آزادؔ کے والد کا نام کیا تھا ؟

(1) مولوی محمد باقر (2) مولوی احمد علی باقر

(3) ظفر علی خاں (4) سید مہدی علی

49. مندرجہ ذیل میں کس افسانے کے مجموعے کو انگریزی حکومت نے ضبط کیا تھا ؟

(1) واردات (2) زادِ راہ

(3) سوزِ وطن (4) سدابہار پھول

50. ولؔی سے پہلے دکن میں کس صنفِ شاعری کا دور دورہ تھا ؟

(1) قصیدہ (2) مثنوی

(3) مرثیہ (4) غزل

51. کس شاعر کو فنِ موسیقی میں مہارت حاصل تھی ؟

(1) میر تقی میرؔ (2) خواجہ میر دردؔ

(3) سوداؔ (4) میر سوزؔ

52. نظیرؔ اکبرآبادی کا پورا نام کیا تھا ؟

(1) شیخ ولی محمد (2) شاہ ولی اللہ

(3) اشرف علی (4) علی محمد

53. 'لندن کی ایک رات' کس کی تصنیف ہے ؟

(1) علی سردار جعفری (2) مجازؔ لکھنوی

(3) سجاد ظہیر (4) ملک راج آنند

54. کرشن چندر کا بچپن کہاں گزرا ؟

(1) لاہور (2) کشمیر

(3) دہلی (4) ممبئی

55. کرشن چندر کے پہلے افسانوی مجموعے کا کیا نام تھا ؟

(1) طلسمِ خیال (2) ان داتا

(3) زندگی کے موڑ پر (4) نظارے

56. کس ادیب کو بنّے بھائی کے نام سے جانا جاتا ہے ؟

(1) عزیز احمد (2) سجاد ظہیر

(3) خواجہ احمد عباس (4) احمد ندیم قاسمی

57. میر انیسؔ کے والد کا کیا نام تھا ؟
(1) میر حسن (2) میر خلیق
(3) میر ضمیرؔ (4) غزیز الہند

58. علامہ اقبالؔ نے شاعری میں کس سے اصلاح لی ؟
(1) امیرؔ مینائی (2) داغؔ دہلوی
(3) شیخ عبدالقادر (4) راسخؔ دہلوی

59. اقبالؔ نے ابتدا میں اپنی نظمیں کہاں پڑھیں ؟
(1) انجمنِ پنجاب میں
(2) انجمنِ حمایتِ اسلام میں
(3) حلقۂ اربابِ ذوق میں
(4) انجمنِ مترجمین میں

60. کس شاعر نے مغربی طرزِ معاشرت کو ظرافت کا موضوع بنایا ہے ؟
(1) چکبستؔ لکھنوی (2) اکبرالہ آبادی
(3) حسرتؔ موہانی (4) جعفر زٹلی

61. نہیں ہے چیز نکمی کوئی زمانے میں
کوئی برا نہیں قدرت کے کارخانے میں
مندرجہ بالا شعر کس شاعر کا ہے ؟
(1) اسماعیلؔ میرٹھی (2) افسرؔ میرٹھی
(3) شفیع الدین نیرؔ (4) اقبالؔ

62. مندرجہ ذیل میں کسے رومانی شاعر کہا جاتا ہے ؟
(1) فراقؔ گورکھپوری (2) جوشؔ ملیح آبادی
(3) اخترؔ شیرانی (4) اختر الایمان

63. نظم 'ایک پودا اور گھاس' کے شاعر کون ہیں ؟
(1) نظیرؔ اکبرآبادی (2) اسماعیلؔ میرٹھی
(3) عبدالغفار مدھولی (4) تلوک چند محرومؔ

64. دنیا میں کس چیز کی تلافی نہیں ہے ؟
(1) گناہ (2) سزا
(3) وقت (4) احسان

65. شاعرِ فطرت کے طور پر کون مشہور ہے ؟
(1) سرورؔ جہاں آبادی (2) جوشؔ ملیح آبادی
(3) فیض احمد فیضؔ (4) شادؔ عظیم آبادی

66. اردو میں سوانح نگاری کا بانی کسے کہا جاتا ہے ؟
(1) سرسید (2) حالیؔ
(3) شبلیؔ (4) مہدی افادی

67. آلِ احمد سرورؔ نے کس کتاب کو اردو شاعری کا پہلا منشور (مینی فیسٹو) کہا ہے ؟
(1) آبِ حیات (2) حیاتِ جاوید
(3) شعرالعجم (4) مقدمۂ شعروشاعری

68. ڈراما 'یہودی کی لڑکی' میں 'عزرا' کون ہے ؟
(1) ایک رومن شہزادی (2) رومن بادشاہ
(3) ایک بوڑھا یہودی (4) مارکس کی محبوبہ

69. اردو میں انشائیہ کی ابتدا کس رسالے سے ہوئی ؟
(1) علی گڑھ میگزین (2) تہذیب الاخلاق
(3) دل گداز (4) اودھ پنچ

70. اردو میں خاکہ نگاری کا آغاز کس نے کیا؟
(1) فرحت اللہ بیگ (2) مولوی عبدالحق
(3) عبدالحلیم شرر (4) رشید احمد صدیقی

71. 'چند ہم عصر' کس کے خاکوں کا مجموعہ ہے؟
(1) مولوی عبدالحق (2) وحید الدین سلیم
(3) راشدالخیری (4) خواجہ حسن نظامی

72. دبستان دلّی کے شاعروں کی اہم خصوصیت کیا ہے؟
(1) ان کی شاعری میں عام طور پر تصنع پایا جاتا ہے۔
(2) ان کی شاعری میں خارجیت کو زیادہ دخل ہے۔
(3) شاعری میں نشاطیہ لب و لہجہ عام ہے۔
(4) شاعری میں تصوّف کی گہری چھاپ نظر آتی ہے۔

73. مندرجہ ذیل شعراء میں کس کا تعلق دبستانِ لکھنؤ سے ہے؟
(1) غالبؔ (2) ناسخؔ
(3) خواجہ میر دردؔ (4) مومنؔ

74. دلّی کالج کا قیام کب عمل میں آیا؟
(1) 1825 (2) 1830
(3) 1857 (4) 1885

75. مندرجہ ذیل میں دلّی کالج کا پرنسپل کون تھا؟
(1) کرنل ہالرائڈ (2) گل کرسٹ
(3) ڈاکٹر اشپرنگر (4) ماسٹر رام چندر

76. مندرجہ ذیل میں اسمِ مصغر کی شناخت کیجیے:
(1) گھر (2) تلوار
(3) صندوقچہ (4) صراحی

77. ن۔م۔ راشدؔ کا پورا نام کیا تھا؟
(1) نور محمد (2) نذر محمد
(3) نظیر محمد (4) نظر محمد

78. ایسی نظم جس کے ہر بند میں آٹھ مصرعے ہوتے ہیں، کیا کہلاتی ہے؟
(1) مثمن (2) مسدّس
(3) واسوخت (4) مثلث

79. وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو، اسے کیا کہتے ہیں؟
(1) اسمِ فاعل (2) فعلِ مجہول
(3) فعلِ حال (4) فعلِ معروف

80. امانتؔ کی 'اندرسبھا' میں کل کتنے کردار ہیں؟
(1) آٹھ (2) چھ
(3) چار (4) دو

81. ڈراما 'شاجاپور کی شانتی بائی' کس نے لکھا ہے؟
(1) محمد مجیب (2) حبیب تنویر
(3) ابراہیم یوسف (4) امتیاز علی تاج

82. 'ناٹک ساگر' کس کی تصنیف ہے؟
(1) مسعود حسن رضوی ادیبؔ
(2) بادشاہ حسین حیدرآبادی
(3) عبدالعلیم نامیؔ
(4) محمد عمر نورِ الٰہی

83. آغا حشر کشمیری کے پہلے ڈرامے کا کیا نام تھا ؟
(1) صیدِ ہوس (2) مرید شک
(3) آفتابِ محبت (4) اسیر حرص

84. مولانا ابوالکلام آزاد کی کتاب 'تذکرہ' کا تعلق کس صنفِ ادب سے ہے ؟
(1) سفرنامہ (2) تذکرہ
(3) سوانح عمری (4) رپورتاژ

85. 'یادگارِ حالی' کے مصنف کون ہیں ؟
(1) صالحہ عابد حسین (2) قرۃ العین حیدر
(3) عابد حسین (4) صغرا مہدی

86. جس چیز کو تشبیہ دی جائے اُسے کیا کہتے ہیں ؟
(1) مشبّہ (2) مشبہ بہ
(3) وجہ شبہ (4) کنایہ

87. شمع کی مانند ہم اِس بزم میں
چشمِ نم آئے تھے دامن تر چلے
مندرجہ بالا شعر میں مشبّہ بہ کی نشاندہی کیجیے۔
(1) شمع (2) ہم
(3) چشمِ نم (4) چشمِ تر

88. یاد میں وہ بے مثال آنکھیں
کیا ہیں تری او غزال آنکھیں
مندرجہ بالا شعر میں کون سی صنعت ہے ؟
(1) تشبیہ (2) استعارہ
(3) مبالغہ (4) مجاز مرسل

89. مندرجہ ذیل میں ضمیر متکلم کی پہچان کیجیے :
(1) مجھ (2) تجھ
(3) تیرا (4) اُن کا

90. مرثیے کے اجزائے ترکیبی متعین کرنے کا کام کس نے کیا ؟
(1) میر خلیق (2) میر ضمیر
(3) ہاشم علی (4) میر انیس

91. نشاطیہ اور نِسوانی عناصر کس دبستان کی خصوصیت ہے ؟
(1) دبستانِ رام پور (2) دبستانِ دلّی
(3) دبستانِ لکھنؤ (4) دبستانِ عظیم آباد

92. مرثیے کا سب سے آخری جز کیا کہلاتا ہے ؟
(1) سراپا (2) شہادت
(3) رجز (4) بین

93. اردو زبان دلی کے گرد و نواح میں پیدا ہوئی۔ یہ نظریہ کس نے پیش کیا ؟
(1) نصیرالدین ہاشمی (2) شوکت سبزواری
(3) سید سلمان ندوی (4) مسعود حسین خاں

94. 'سگ باش برادرِ خرد مباش' کے کیا معنی ہیں ؟
(1) کتا بن جا مگر چھوٹا بھائی مت بن
(2) چھوٹے بھائی کے کتّے کے ساتھ رہنا
(3) چھوٹے بھائی کا خیال رکھنا
(4) چھوٹے بھائی کی حق تلفی کرنا

95. 1936ء میں انجمن ترقی پسند مصنفین کے پہلے اجلاس کی صدارت کس نے کی تھی ؟

(1) سجاد ظہیر (2) ملک راج آنند

(3) پریم چند (4) فراق گورکھپوری

96. کس ادیب کو 'مصورِ غم' کا لقب دیا گیا ؟

(1) مولوی ذکاء اللہ (2) سرشار

(3) راشدالخیری (4) محسن الملک

97. خواتین کی اصلاح اور فلاح و بہبود کے لیے کس نے افسانے اور ناول لکھے ؟

(1) منشی سجاد حسین (2) اکبر الہ آبادی

(3) راشدالخیری (4) مرزا ہادی رسوا

98. 'گنج ہائے گراں مایہ' کس کے خاکوں کا مجموعہ ہے ؟

(1) پطرس بخاری

(2) فرحت اللہ بیگ

(3) رشید احمد صدیقی

(4) مشتاق احمد یوسفی

99. ''نوکری میں عہدے کا مطلق خیال نہ کرنا، یہ تو پیر کا مزار ہے۔ نگاہ چڑھاوے اور چادر پر رکھنی چاہیے۔'' یہ کس افسانے کا فقرہ ہے ؟

(1) مظلوم کی فریاد (2) یارباش

(3) نمک کا داروغہ (4) نوکری پیشہ

100. افسانہ 'نمک کا داروغہ' میں داروغہ کا کیا نام ہے ؟

(1) منشی ماتا دین

(2) بدلو سنگھ

(3) پنڈت الوپی دین

(4) منشی بنشی دھر

101. لفظ 'تاخیر' کا متضاد کیا ہے ؟

(1) خیریت (2) تعجیل

(3) دیر (4) تاثیر

102. لفظ 'حضر' کا متضاد کیا ہے ؟

(1) خضر (2) سفر

(3) صفر (4) عذر

103. پارسی اسٹیج کا پہلا دستیاب ڈراما کون ہے ؟

(1) رادھا کنھیا کا قصہ

(2) خورشید

(3) راجہ گوپی چند اور جلندھر

(4) اندرسبھا

104. ''1000ء اردو کے ابھار کا زمانہ ہے اور 1193ء نکھار کا'' یہ کس کا قول ہے ؟

(1) شوکت سبزواری

(2) سید سلمان ندوی

(3) ڈاکٹر گیان چند جین

(4) رشید حسن خاں

105. کھا کھا کے اوس اور بھی سبزا ہرا ہوا
تھا موتیوں سے دامنِ صحرا بھرا ہوا
اس شعر میں کون سی صنعت ہے ؟
(1) تشبیہ (2) استعارہ
(3) مجاز مرسل (4) کنایہ

106. اٹھا شہر میں ہر طرف شوروغل
کہ غائب ہوا اس چمن سے وہ گل
مندرجہ بالا شعر میں صنعت کی پہچان کیجیے۔
(1) حسنِ تعلیل (2) مبالغہ
(3) تشبیہ (4) استعارہ

107. گرنی تھی ہم پہ برقِ تجلّی نہ طور پر
دیتے ہیں بادہ ظرف قدح دیکھ کر
مندرجہ بالا شعر میں کون سا لفظ تلمیح کی علامت ہے ؟
(1) برق (2) طور
(3) ظرف (4) قدح خوار

108. 'اسباب بغاوتِ ہند' کس کی تصنیف ہے ؟
(1) سرسید
(2) مولوی محمد باقر
(3) محمد حسین آزاد
(4) وقارالملک

109. اس کے رخسار دیکھ جیتا ہوں
عارضی میری زندگانی ہے
اس شعر میں کون سی صنعت ہے ؟
(1) تضاد (2) ایہام
(3) مجاز مرسل (4) تشبیہ

110. شمالی ہندوستان میں اردو نثر کی پہلی کتاب کون سی ہے ؟
(1) کربل کتھا (2) بکٹ کہانی
(3) سب رس (4) کاشف الحقائق

111. لفظ 'احتیاج' کے کیا معنی ہیں ؟
(1) ضرورت (2) بھوک
(3) پیاس (4) ہوشیاری

112. ساحرؔ لدھیانوی کا اصل نام کیا تھا ؟
(1) جعفر علی خاں (2) بشارت نواز
(3) عبدالحیٔ (4) امداد امام

113. 'خوجی' کس ناول کا کردار ہے ؟
(1) فسانۂ عجائب (2) فردوسِ بریں
(3) فسانۂ آزاد (4) حاجی بغلول

114. 'فسانۂ آزاد' کس کی تخلیق ہے ؟
(1) مولانا ابوالکلام آزادؔ
(2) نواب سید محمد آزادؔ
(3) جگناتھ آزادؔ
(4) رتن ناتھ سرشارؔ

115. 'اوسان خطا ہونا' محاورے کا کیا مطلب ہے ؟

(1) ہوش جاتا رہنا

(2) خطا معاف کرنا

(3) غلطی کرنا

(4) گنہ گار ہونا

116. ناصؔر کاظمی کہاں پیدا ہوئے تھے ؟

(1) لاہور (2) انبالہ

(3) لکھنؤ (4) فیض آباد

117. کس شاعر کو علمِ نجوم میں مہارت حاصل تھی ؟

(1) غالبؔ (2) میر دردؔ

(3) مومنؔ (4) مصحفیؔ

118. خواجہ حیدر علی آتشؔ کے استاد کون تھے ؟

(1) جرأتؔ (2) مصحفیؔ

(3) انشاءؔ (4) شاہ نصیرؔ

119. پڑھنا سکھانے کے حروفِ تہجی کے طریقے میں کون سا جملہ درست نہیں ہے ؟

(1) پہلے حروف کے نام سکھائے جاتے ہیں

(2) حروف پر اعراب لگا کر اُن کی آواز سکھائی جاتی ہے

(3) ہجے کے ذریعے پڑھنا سکھایا جاتا ہے

(4) مدرس کو بہت محنت کرنی پڑتی ہے

120. مندرجہ ذیل جملوں میں صوتی طریقے کی خامیوں کی نشاندہی کیجیے :

(1) فطرت کے عین مطابق ہے۔

(2) حروف کے نام ان کی آواز ہی کو قرار دیتے ہیں۔

(3) آواز کے اجزاء الگ الگ ہونے سے تلفظ میں آسانی ہوتی ہے۔

(4) طریقۂ تہجی کے مقابلے زمین پر زیادہ زور پڑتا ہے۔

121. مندرجہ ذیل جملوں میں 'دیکھو اور بولو' طریقے کی خصوصیات میں کسے شامل نہیں کرتے ہیں ؟

(1) ہجے کرنا بہت جلد سیکھ لیتے ہیں۔

(2) الفاظ بامعنی ہونے سے بچّوں کی توجہ قائم رہتی ہے۔

(3) پڑھائی میں روانی ہوتی ہے۔

(4) بچہ مطلب خیز کہانی میں دلچسپی لیتا ہے۔

122. پڑھنا سکھانے کے کس طریقے میں قواعد کی ضرورت نہیں ہوتی ہے ؟

(1) صوتی طریقہ میں

(2) حروفِ تہجی کے طریقے میں

(3) جملہ واری طریقے میں

(4) پستالوزی طریقے میں

123. نفسیاتی اعتبار سے تدریس قواعد کے لیے کون سا طریقہ صحت مند ہے؟
(1) استقرائی طریقہ
(2) استخراجی طریقہ
(3) گفتگو کا طریقہ
(4) ذولسانی طریقہ

124. لکھنا سکھانے کا وہ طریقہ جس میں خطِ مستقیم اور خطِ منحنی کھینچنے کی مشق کرائی جاتی ہے
(1) مانٹیسری کا طریقہ
(2) پستالوزی کا طریقہ
(3) تحقیقی طریقہ
(4) ابجدی طریقہ

125. تدریس قواعد کا روایتی اور قدیم طریقہ کون سا ہے؟
(1) منصوبی طریقہ
(2) استخراجی طریقہ
(3) استقرائی طریقہ
(4) جملہ واری طریقہ

126. تحقیقی طریقۂ کار کا موجد کسے کہا جاتا ہے؟
(1) پروفیسر آرم سٹرانگ
(2) ڈالٹن
(3) ہربرٹ اسپینسر
(4) فرائڈ

127. کس طریقۂ تدریس میں طلبہ کی حیثیت انفعالی ہو جاتی ہے؟
(1) مطالعہ زیرِ نگرانی
(2) کھیل کے ذریعے تعلیم
(3) لیکچر کا طریقہ
(4) قصہ واری طریقہ

128. مطالعہ زیرِ نگرانی طریقے کی کیا خصوصیت ہوتی ہے؟
(1) اِس میں طلبہ کو گھر پر کام کرنے کے لیے دیا جاتا ہے۔
(2) استاد کی موجودگی غیر ضروری ہوتی ہے۔
(3) استاد کی موجودگی اور نگرانی میں کام ہوتا ہے۔
(4) اِن میں سے کوئی نہیں

129. تدریسِ سبق کے درمیان اعادہ کے سوالات کب کیے جاتے ہیں؟
(1) سبق کے شروع میں
(2) پیش کش کے وقت
(3) تمہید کے طور پر
(4) سبق کے آخر میں

130. استحسانی اسباق کا کیا مقصد ہوتا ہے؟
(1) طلبہ میں لُطف اندوزی اور ذوقِ سلیم کی تربیت کرنا ہوتا ہے۔
(2) ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ کرنا ہوتا ہے۔
(3) حصولِ معلومات کی حیثیت اوّلین ہوتی ہے۔
(4) مخصوص مہارتوں کی نشوونما کرنا ہوتا ہے۔

131. دورانِ تدریس جماعت میں سوال پوچھنے کا کون سا طریقہ درست نہیں ہے ؟

(1) سوال پوچھتے وقت پوری جماعت کو مخاطب کرنا چاہیے۔

(2) استاد کو اپنا سوال بار بار دہرانا چاہیے۔

(3) سوال کرنے کے بعد جواب کے لیے بچوں کو مناسب وقت دینا چاہیے۔

(4) سوالات واضح اور صحیح ہونے چاہئیں۔

132. چاک بورڈ استعمال کرتے وقت استاد کو کس طرف کھڑا ہونا چاہیے ؟

(1) دائیں

(2) درمیان میں

(3) پیچھے

(4) بائیں

133. مندرجہ ذیل میں کون سی صرف بصری امدادی اشیاء ہیں ؟

(1) ریڈیو اور ٹیپ رکارڈر

(2) فلم اور ٹیلی ویژن

(3) چارٹ اور ماڈل

(4) کہانیاں

134. طلبہ کو خاموش خوانی کس جماعت سے شروع کرانا چاہیے ؟

(1) پہلی جماعت سے

(2) پانچویں جماعت سے

(3) تیسری جماعت سے

(4) مڈل کے بعد

135. تفویض کا طریقہ کن جماعتوں میں استعمال نہیں ہو سکتا ہے ؟

(1) پرائمری سطح پر

(2) مڈل جماعت میں

(3) ثانوی سطح پر

(4) اعلیٰ ثانوی سطح پر

136. آغازِ تدریس جو سوالات تحریکِ ذہنی یا آمادگی کے لیے پوچھے جاتے ہیں، انہیں کیا کہتے ہیں ؟

(1) ارتقائی سوالات

(2) معروضی سوالات

(3) تمہیدی سوالات

(4) اعادہ کے سوالات

137. اخذِ معنی کے عمل میں کس چیز سے گریز کرنا چاہیے ؟

(1) لفظوں کے متضاد بتانے سے

(2) براہِ راست معنی بتانے سے

(3) لفظ کا جملوں میں استعمال کرنے سے

(4) لفظ کا واحد اور جمع بتانے سے

138. طلبہ کے تلفظ کی اصلاح کس طریقے سے کرانا چاہیے ؟

(1) اجتماعی طریقے سے

(2) خاموش خوانی کی مشق سے

(3) طریقۂ تفویض سے

(4) انفرادی طریقے سے

139. شمالی ہندوستان میں جو پراکرت بولی جاتی تھی، اُسے کیا کہتے ہیں ؟

(1) ماگدھی (2) اردھ ماگدھی

(3) برج بھاشا (4) شورسینی

140. 'سنسکرت' کس زبان کی ایک شاخ ہے ؟

(1) آریائی زبان (2) پراکرت

(3) اپ بھرنش (4) ساتی

141. 'روایت اور بغاوت' کس کی تصنیف ہے ؟

(1) آلِ احمد سرورؔ (2) کلیم الدین احمد

(3) احتشام حسین (4) ظ انصاری

142. کمپنی کے وکیل کا قتل کر کے وزیرعلی کس طرف بھاگ گیا ؟

(1) دہلی کی طرف (2) لکھنؤ

(3) بنارس (4) اعظم گڑھ

143. وزیرعلی کے کارنامے سُن کر کس کے کارنامے یاد آتے ہیں ؟

(1) رابن ہڈ

(2) حاتم طائی

(3) نواب آسف الدولہ

(4) واجد علی شاہ

144. 'ژالہ باریٔ' کے کیا معنی ہوتے ہیں ؟

(1) تیز بارش ہونا (2) پھہار پڑنا

(3) اولے پڑنا (4) تیز آندھی چلنا

145. 'خدا کے نام خط' کس زبان کی لوک کہانی ہے ؟

(1) عربی (2) ترکی

(3) اسپینی (4) رُوسی

146. 'دودھ کی قیمت' کس کے افسانوں کا مجموعہ ہے ؟

(1) عصمت چغتائی (2) شوکت تھانوی

(3) پریم چند (4) سدرشن

147. کہانی 'خدا کے نام خط' کا مرکزی کردار کون ہے ؟

(1) پوسٹ ماسٹر

(2) لین شو

(3) خدا

(4) اِن میں سے کوئی نہیں

148. کہانی 'نادان دوست' میں چڑیا کے گھونسلے میں کتنے انڈے تھے ؟

(1) ایک (2) دو

(3) تین (4) بہت سارے

149. شجروحجر سے کیا مراد ہے ؟

(1) پیڑ پودے

(2) درخت اور پتھر

(3) درخت اور پرندہ

(4) درخت اور سایہ

150. مندرجہ ذیل میں کسے ڈرپوک صلح کل کہا گیا ہے ؟

(1) قدرت (2) فطرت

(3) بارانِ رحمت (4) اوس

کچے کام کے لیے جگہ